سوال

(520) سورۃ غاشیہ آخری آیت کا جواب

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا اِنَّ اِلَینا اِیابَھُم ثُمَّ اِنَّ عَلَینا حِسابَھُم (الغاشیۃ: ۲۶) کے جواب میں ’اَللّٰھُمَّ حَسِبنی حِسابًا یَّسِیرًا‘ کا ثبوت ہے اور اگر ہے تو صرف امام جواب دے یا مقتدی بھی شامل ہوں گے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ بالا آیت کے جواب میں ’اَللّٰھُمَّ حَاسِبنی ... ‘ "مسند احمد، رقم: ۲۴۲۱۵، صحیح ابن خزیمة، رقم: ۸۴۹، المستدرک علی الصحیحین للحاکم، رقم: ۱۹۰" پڑھنے کا ثبوت مجھے نہیں مل سکا۔ ہاں البتہ بعض روایات میں یہ بات ثابت ہے، کہ آپ ﷺ نے بعض نمازوں میں اس دُعا کو پڑھا ہے۔ لیکن محل کا تعین نہیں، کہ سورہ ’’غاشیہ‘‘ کے اختتام پر پڑھا ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 459

محدث فتویٰ